| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب چہارم: اخلاق و آداب | سبق کا نام: جان وروں سے اچھا سلوک |

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جان وروں کے حقوق سے آگاہ ہو سکیں۔
- جان وروں کے ساتھ عملی طور پر اچھے سلوک اور ہمدردی کا مظاہرہ کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/ بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں جان وروں کو اللہ تعالیٰ نے ہمارے فائدے کے لیے بنایا ہے۔ دینِ اسلام نے ہمیں تاکید کی ہے کہ ہم جان وروں کے ساتھ اچھا سلوک کریں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّیْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے جانوروں کو تکلیف دینے اور اُن پر ضرورت سے زیادہ بوجھ ڈالنے سے منع کیا ہے۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۴۷ میں دیے گئے واقعہ کی وضاحت کریں۔
- اسی طرح ایک دفعہ ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ خَاتَمُ النَّبِيِّیْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے۔ اُن کے ہاتھ میں کسی پرندے کے چھوٹے چھوٹے بچے تھے جو چیں چیں کر رہے تھے۔

آپ خَاتَمُ النَّبِيِّیْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے معاملہ دریافت کیا تو صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ میں ایک جھاڑی سے گزرا تو ان بچوں کی آواز آرہی تھی میں انھیں اُٹھا کر لایا، ان کی ماں نے دیکھا تو وہ بے تاب ہو کر میرے گرد چکر کاٹنے لگی۔ یہ سن کر رحمت اللعالمین خَاتَمُ النَّبِيِّیْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا فوراً جاؤ اور ان بچوں کو وہیں رکھ آؤ جہاں سے تم نے ان کو اُٹھایا ہے۔

- طلبہ کو بتائیں ہم سب کا فرض ہے کہ ہم اسوۂ رسول خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پیروی کرتے ہوئے اپنے پالتو اور دوسرے جانوروں کا خیال رکھیں اور ان سے نرمی اور پیار سے پیش آئیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| فرمان | فَر۔مان | حکم |
| پسندیدہ | پ۔سن۔دی۔دَہ | پسند کیا ہوا |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق جزو(ا) کے سوال نمبر ۴ اور ۵ کا جواب طلبہ سے کاپیوں پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

ہم کن کن جانوروں کا گوشت کھاتے ہیں؟ نام لکھیں۔

## ورک شیٹ

**سوال 1: جان وروں کے حقوق سے متعلق صحیح باتوں کے سامنے "✓" اور غلط کے سامنے "✗" کا نشان لگائیں۔**

- جان وروں کو وقت پر کھانا دینا۔ ◯
- جان وروں پر ضرورت سے زیادہ بوجھ ڈالنا۔ ◯
- جان وروں کو پانی پلانا۔ ◯
- جان وروں کو تنگ کرنا۔ ◯
- زخمی ہونے کی صُورت میں جان وروں کا خیال رکھنا۔ ◯
- جان وروں کو تکلیف دینا۔ ◯

| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب پنجم: ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیر اسلام | سبق کا نام: انبیائے کرام علیہم السلام |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- انبیائے کرام علیہم السلام میں سے حضرت آدم علیہ السلام کا مختصر تعارف حاصل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لیے مختلف وقتوں میں اپنے نبی اور رسول بھیجے۔ ان تمام نبیوں اور رسولوں نے لوگوں کو توحید کی دعوت دی۔ توحید کا مطلب ہے ایک اللہ کی عبادت کرنا یعنی اللہ تعالیٰ واحد اور یکتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک نہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۵۷ سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کیا وہ جانتے ہیں اللہ تعالیٰ نے اس دُنیا میں کتنے نبی اور رسول بھیجے؟ درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔
- طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی راہ نمائی کے لیے اس دُنیا میں تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی اور رسول بھیجے۔ تمام انبیائے کرام علیہم السلام نے لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے پیغام سے آگاہ کیا اور یہ خوش خبری سنائی کہ اگر وہ اللہ تعالیٰ کے احکامات کے مطابق زندگی گزاریں گے تو دُنیا اور آخرت دونوں میں کامیاب ہو جائیں گے۔
- طلبہ سے سوال کریں دنیا کے پہلے انسان کا نام بتائیں۔
- تختہ تحریر پر نمایاں کر کے لکھیں۔ حضرت آدم علیہ السلام

- طلبہ کو بتائیں حضرت آدم علیہ السلام اس دُنیا کے پہلے انسان اور اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی ہیں۔ آپ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے مٹی سے پیدا فرمایا۔ آپ علیہ السلام سے نسل انسانی کا آغاز ہوا۔ تمام انسان اُن کی اولاد ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کو پیدا کرنے کے بعد آپ علیہ السلام کو تمام چیزوں کے نام سکھائے یعنی ان کا علم سکھا دیا۔ پھر ان چیزوں کے نام فرشتوں سے پوچھے۔ فرشتے ان چیزوں کے نام نہ بتا سکے۔ حضرت آدم علیہ السلام نے ان سب چیزوں کے نام بتا دیے کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو علم کے لحاظ سے فضیلت عطا فرمائی تھی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے کا حکم دیا۔ تمام فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کیا لیکن ابلیس نے سجدہ نہ کیا۔ اس نے تکبر کیا اور حضرت آدم علیہ السلام سے حسد کیا۔ اس کی وجہ سے اسے ذلیل و رسوا کر کے جنت سے نکال دیا گیا۔ اس نے اللہ تعالیٰ سے قیامت کے دن تک مہلت مانگی تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کے بندوں کو سیدھی راہ سے ہٹا سکے چنانچہ بندوں کو آزمانے کے لیے اسے مہلت دے دی گئی۔ مگر اللہ تعالیٰ کے نیک بندے اس کے بہکاوے میں نہیں آئیں گے۔

- طلبہ کو حضرت آدم علیہ السلام کا واقعہ اپنے الفاظ میں سنائیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| زوجہ | زو۔ جہ | بیوی |
| فرق کرنا | فرق۔ کرنا | الگ کرنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً تصور دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کے پہلے دو سوالات کے جواب طلبہ سے پوچھیں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کمرا جماعت میں حضرت آدم علیہ السلام کا واقعہ اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام | سبق کا نام: انبیائے کرام علیہم السلام |

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- انبیائے کرام علیہم السلام میں سے حضرت نوح علیہ السلام کا مختصر تعارف حاصل کر سکیں۔
- انبیائے کرام علیہم السلام پر نازل ہونے والی کتب اور صحائف کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں اللہ تعالیٰ نے اس دُنیا میں کم و بیش کتنے انبیائے کرام علیہم السلام بھیجے۔ طلبہ سے پوچھیں ان تمام انبیائے کرام علیہم السلام کے دنیا میں آنے کا مقصد کیا تھا؟ اُنھیں بتائیں ان تمام انبیائے کرام علیہم السلام پر اللہ تعالیٰ نے اپنی کتابیں اور صحیفے نازل کیے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۵۲ پر متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں حضرت نوح علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے نبی اور رسول ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کو انسانوں کی ہدایت کے لیے مبعوث کیا۔
- طلبہ کو بتائیں حضرت نوح علیہ السلام کی قوم بتوں کی پوجا کرتی تھی۔ آپ علیہ السلام نے نو سو پچاس سال تک اپنی قوم کو ایک اللہ کی عبادت کی دعوت دی۔ لیکن مشرک قوم نے آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی بات نہ مانی اور آپ علیہ السلام کو طرح طرح کی تکلیفیں دیں۔

- چنانچہ آپ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے ایک کشتی تیار کی۔ آپ علیہ السلام کی قوم پر اللہ تعالیٰ نے سیلاب کا عذاب نازل کیا۔ جب عذاب کا وقت آیا تو اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کو ساتھیوں سمیت اس کشتی میں سوار ہونے کا حکم دیا۔
- طلبہ کو بتائیں اس کشتی میں تمام جانوروں کا ایک ایک جوڑا بھی سوار کیا گیا۔ چنانچہ روئے زمین پر تمام نافرمان لوگ اس طوفان میں غرق ہو گئے اور صرف کشتی میں سوار حضرت نوح علیہ السلام اور اُن کے پیروکار محفوظ رہے۔
- طلبہ کو تاکید کریں کہ آپ علیہ السلام کی زندگی سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ حق پر قائم رہنا چاہیے اور راستے میں آنے والی ہر تکلیف کو صبر سے برداشت کرنا چاہیے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| مشکل لفظ | پڑھانے کا طریقہ | معنی |
|---|---|---|
| پُوجا کرنا | پُو۔ جا۔ کرنا | عبادت |
| سوار کرنا | سَ۔ وار۔ کرنا | کسی چیز پر چڑھنا |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے سوال کریں:

حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو کتنے سال توحید کی دعوت دی؟

**گھر کا کام:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

حضرت نوح علیہ السلام کا قصّہ کمرا جماعت میں اپنے ساتھیوں کو سنائیں۔